# لانگ ایکٹنگ HIV اینٹی ریٹرو وائرل تھراپی (ART): کیبوٹیگراویر (Cabotegravir, CAB)/ رلپویرین (Rilpivirine, RPV)

## اکثر پوچھے گئے سوالات برائے کلائنٹس

### طویل اثرات کی حامل ART کیا ہے؟

طویل اثرات کی حامل ART ایک بذریعہ انجیکشن ہیومن امیونو ڈیفیشنسی وائرس (Human Immunodeficiency Virus, HIV) کے علاج کا ایک اختیار ہے، جو اُن افراد کے لیے ہے جن میں HIV وائرس دبا ہوا ہو اور جن کے جسم میں وائرس کی مقدار 50 کاپیز فی ملی لیٹر (mL) سے کم ہو۔ طویل اثرات کی حامل ART بھی آپ کے HIV وائرس کی سطح کو ناقابلِ تشخیص رکھنے میں مدد دیتی ہے، بالکل ویسے ہی جیسے بذریعہ منہ دی جانے والی HIV کی ادویات۔ طویل اثرات کی حامل ART روزانہ بذریعہ منہ لی جانے والی HIV ادویات کی جگہ لے سکتی ہے، اور یہ انجیکشنز کی شکل میں ماہانہ یا ہر دو ماہ میں ایک بار دی جاتی ہے۔

### طویل اثرات کی حامل ART میں کون سی ادویات شامل ہیں؟

اس وقت دستیاب طویل اثرات کی حامل ART ادویات میں دو بذریعہ انجیکشن ادویات شامل ہیں: کیبوٹیگراویر اور رلپویرین (برانڈ نام: Cabenuva)، بعض اوقات CAB/RPV بھی کہا جاتا ہے۔ "طویل اثرات کی حامل" کا مطلب ہے کہ CAB/RPV ادویات وقت کے ساتھ آہستہ آہستہ جسم میں خارج ہوتی ہیں تاکہ انجیکشن کی اپائنٹمنٹس کے درمیانی عرصے میں جسم میں دوا کی سطح برقرار رکھی جا سکے۔ یہ دو ادویات آپ کی موجودہ روزانہ بذریعہ منہ لی جانے والی HIV ادویات سے مختلف ہو سکتی ہیں۔

### انجیکشن کہاں لگائے جاتے ہیں؟

طویل اثرات کی حامل ART نگہداشت صحت کے ماہر کے ذریعے دو علیحٰدہ انجیکشنز کے طور پر دی جاتی ہے۔ یہ انجیکشنز ہر کولہے کے سائیڈ کے پٹھے میں یا ایک ہی کولہے میں کم از کم 2 سینٹی میٹر کے فاصلے پر لگائے جاتے ہیں۔

### کیا یہ دوا طویل اثرات کی حامل HIV پری ایکسپوژر پروفیلکسیس (pre-exposure prophylaxis, PrEP) سے مختلف ہے؟

ہاں۔ طویل اثرات کی حامل PrEP میں صرف کیبوٹیگراویر (CAB) موجود ہوتی ہے (برانڈ نام: Apretude) اور اسے لوگوں کو HIV کا شکار ہونے سے بچانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ طویل اثرات کی حامل ART میں دو ادویات شامل ہوتی ہیں، یعنی کیبوٹیگراویر (CAB) اور رلپویرین (RPV) اور یہ HIV انفیکشن کا علاج کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

### کیا میں طویل اثرات کی حامل ART حاصل کرنے کے لیے اہل ہوں؟

اہلیت کا انحصار مختلف عوامل پر ہو سکتا ہے۔ اگر تو آپ اس وقت بذریعہ منہ HIV ادویات لے رہے ہیں اور آپ کے جسم میں وائرس کی مقدار 50 کاپیز فی ملی لیٹر سے کم ہے، تو طویل اثرات کی حامل ART آپ کے لیے ایک اختیار ہو سکتی ہے۔ صحت کی کچھ حالتوں کی ادویات طویل اثرات کی حامل ART کے ساتھ تعامل کر سکتی ہیں۔ اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ اور فارماسسٹ سے ان تمام تجویز کردہ اور اوور دی کاؤنٹر ادویات کے بارے میں بات کریں جو آپ لے رہے ہیں، بشمول جڑی بوٹیوں کے سپلیمنٹس کے۔ مل کر، آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ طویل اثرات کی حامل ART آپ کے لیے مناسب ہے یا نہیں۔

**اگر میں حاملہ ہوں یا حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں، تو کیا میں طویل اثرات کی حامل ART لے سکتی ہوں؟ اگر میں چھاتی یا سینے سے دودھ پلا رہی ہوں، تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ حاملہ ہیں یا حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہیں تو پہلے اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کریں۔ ابھی تک یہ معلوم نہیں ہے کہ دورانِ حمل طویل اثرات کی حامل ART کیسے کام کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، آپ کے آخری انجیکشنز کے بعد طویل اثرات کی حامل ART آپ کے جسم میں 12 ماہ یا اس سے زیادہ عرصے تک موجود رہ سکتی ہے۔ اگر آپ سینے یا چھاتی سے دودھ پلا رہی ہیں، تو طویل اثرات کی حامل ART کی سفارش نہیں کی جاتی، کیونکہ یہ معلوم نہیں ہے کہ آیا طویل اثرات کی حاملART کی ادویات آپ کے بچے میں دودھ کے ذریعے منتقل ہو سکتی ہیں یا نہیں۔ اگر آپ سینے یا چھاتی سے دودھ پلا رہی ہیں اور طویل اثرات کی حاملART میں دلچسپی رکھتی ہیں، تو اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ سے اپنے بچے کو دودھ پلانے کے دستیاب اختیارات کے بارے میں بات کریں۔

**طویل اثرات کی حامل ART کے عام ضمنی اثرات کیا ہیں؟**

سب سے عام مضر اثرات میں انجیکشن کی جگہ پر درد، سوجن، لال رنگت، خارش، چوٹ کے نشانات اور گرمائش محسوس ہونا شامل ہیں۔ یہ ضمنی اثرات عموماً ہلکے ہوتے ہیں اور وقت کے ساتھ بہتر ہو جاتے ہیں۔ آپ کے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ درد کم کرنے کے لیے مشورے دے سکتے ہیں، جن میں درد کی ادویات، برف یا گرمائش کے پیکٹس یا طویل عرصے تک بیٹھنے سے گریز شامل ہو سکتے ہیں۔ کچھ افراد نے طویل اثرات کی حامل ART کے انجیکشنز شروع کرنے کے بعد بخار، متلی، سر درد، تھکاوٹ، نیند کے مسائل، چکر آنا یا وزن میں معمولی اضافہ محسوس کیا ہے۔

اگر آپ کو جلد پر دانے، مزاج میں تبدیلی یا ہڈیوں، جوڑوں یا پٹھوں میں درد محسوس ہو، تو فوراً اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

**اگر میں طویل اثرات کی حامل ART استعمال کروں، تو مجھے کتنی بار کلینک جانا پڑے گا؟ انجیکشن کی اپائنٹمنٹ کتنی لمبی ہوتی ہے؟**

آپ کے بیمہ اور علاج کے منصوبے کے مطابق، آپ کو اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ کے کلینک یا کسی اور جگہ پر انجیکشن کی اپائنٹمنٹس کے لیے ماہانہ یا ہر دو ماہ میں ایک بار جانا پڑے گا۔ آپ اپنے فراہم کنندہ کے ساتھ ہر انجیکشن کے لیے ایک تاریخ طے کریں گے (جسے "انجیکشن کی متفقہ تاریخ" کہا جائے گا)۔ انجیکشن کی اپائنٹمنٹ کی مدت مختلف ہو سکتی ہے۔ آپ کو کلینک میں کم از کم 30 منٹ گزارنے کی توقع کرنی چاہیے، جس میں آپ کے انجیکشنز کے بعد کے 10 منٹ بھی شامل ہیں تاکہ فوری ضمنی اثرات کی نگرانی کی جا سکے۔

**کیا میں انجیکشن کی اپائنٹمنٹس میں رد و بدل کروا سکتا ہوں؟**

اگر آپ کو دوبارہ شیڈیول کروانے کی ضرورت ہو، تو اپنی HIV نگہداشت ٹیم سے رابطہ کریں۔ آپ انجیکشن کی اپنی متفقہ تاریخ سے سات دن پہلے سے لے کر سات دن بعد تک انجیکشنز لگوا سکتے ہیں۔ اگر آپ اس وقت کے اندر اپنی اپائنٹمنٹ پر نہیں پہنچ سکتے، تو فوراً اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ کو اطلاع دیں۔ آپ کو اپنے اگلے انجیکشن کی اپائنٹمنٹ تک بذریعہ منہ HIV ادویات لینے کی ضرورت ہو گی۔ HIV کی دوا استعمال کرتے رہنا اہم ہے تاکہ وائرس کو قابو میں رکھا جا سکے اور ان امکانات کو بھی کم کیا جا سکے کہ وائرس تبدیل (میوٹیٹ) نہ ہو جائے، جو مستقبل میں علاج کو مشکل بنا سکتا ہے۔

**میں طویل اثرات کی حامل ART اور اس سے متعلقہ طبی ملاقاتوں کی ادائیگی کیسے کروں گا؟**

طویل اثرات کی حاملART کی ادائیگی آپ کے صحت بیمہ پر منحصر ہو گی، خاص طور پر آپ کے طبی اور فارمیسی کے فوائد پر۔ اگر آپ کے پاس صحت بیمہ موجود نہیں ہے یا بیمہ کم ہے، تو نیو یارک اسٹیٹ Medicaid، نیو یارک اسٹیٹ Uninsured Care Programs' AIDS Drug Assistance Program یا ViiVConnect آپ کی ادویات اور طبی ملاقاتوں کی قیمت کو پورا کرنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں۔

- **Medicaid** آپ کی عمر، مالی حالات، خاندان کی صورتحال یا رہائشی انتظامات کے مطابق صحت کی جامع خدمات کی ایک وسیع رینج کے لیے ادائیگی کرتا ہے۔ آپ کے لیے دستیاب صحت بیمہ کے اختیارات، بشمول نیو یارک اسٹیٹ Medicaid، کے بارے میں معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: **nystateofhealth.ny.gov/individual**۔ Medicaid کے لیے درخواست دینے کے بارے میں معلومات کے لیے ملاحظہ کریں **health.ny.gov/health_care/medicaid/how_do_i_apply.htm**۔
- **Uninsured Care Programs** نیو یارک کے باشندوں کو HIV کے علاج کے طبی اخراجات، ادویات، صحت بیمہ یا دیگر ذاتی اخراجات (یعنی کو پیز اور قابلِ منہا ادائیگیاں) کی ادائیگی میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں **health.ny.gov/diseases/aids/general/resources/adap/index.htm**۔
- **ViiVConnect** طویل اثرات کی حامل ART سمیت، ViiV Healthcare کے ذریعے تقسیم کی جانے والی ادویات کے لیے وسائل فراہم کرتا ہے۔ یہ آپ کے صحت بیمہ منصوبہ کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے اور آپ کے مالی امداد کے اختیارات کا احطہ کرتا ہے اور ہو سکتا ہے آپ کی ادویات کے اخراجات میں بھی مدد فراہم کر سکے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں **viivconnect.com/patient**۔

## اگر میں طویل اثرات کی حامل ART کو روک کر اپنی روزانہ کی بذریعہ منہ لی جانے والی HIV ادویات پر واپس جانا چاہوں، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ طویل اثرات کی حامل ART میں مزید دلچسپی نہیں رکھتے، تو آپ اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ مل کر بذریعہ منہ لی جانے والی HIV ادویات کا استعمال دوبارہ شروع کر سکتے ہیں۔ ضمنی اثرات یا دیگر ادویات کے ساتھ تعامل کے امکانات کو کم کرنے کے لیے، اپنے تمام فراہم کنندگان کو بتائیں کہ آپ طویل اثرات کی حامل CAB/RPV لے رہے ہیں اور آپ کے آخری انجیکشن کی تاریخ کیا تھی۔

## میں طویل اثرات کی حامل ART کے بارے میں مزید جاننے کے لیے تیار ہوں۔ میرے اگلے مراحل کیا ہوں گے؟

اپنے HIV نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کریں کہ آیا طویل اثرات کی حامل ART آپ کے لیے ٹھیک ہے۔ جب طویل اثرات کی حاملART پر سوئچ کرنے پر غور کریں، تو سب سے اہم سوال جو آپ کو اپنے آپ سے پوچھنا چاہیے وہ یہ ہے کہ "کیا میں انجیکشن کی اپائنٹمنٹس پر جانے اور اپنے HIV کے نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ باقاعدگی سے بات چیت کرنے پر کاربند رہ سکتا ہوں؟"

اپنے قریب HIV نگہداشت فراہم کنندگان تلاش کرنے کے لیے:

- American Academy of HIV Medicine کو یہاں ملاحظہ کریں: **bit.ly/aahivm-directory**۔
- ملاحظہ کریں **nyc.gov/health/map** اور منتخب کریں Sexual Health Services (جنسی صحت خدمات) پھر "HIV Treatment" (ایچ آئی وی کا علاج)۔